48974- نماز عید میں تکبیروں کے دوران امام کے ساتھ ملنا

سوال

اگر میں نماز عید میں نماز عید کی تکبیروں کے بعد امام کے ساتھ شامل ہوں تو کیا مجھے تکبیر تحریمہ کے بعد فوت شدہ تکبیریں کہنا ہونگی ؟

پسندیدہ جواب

شیخ ابن عثیمین رحمہ اللہ تعالی سے مندرجہ ذیل سوال کیا گیا :

اگر میں امام کے ساتھ نماز عید کی زائد تکبیروں میں ملوں تو کیا حکم ہے ، آیا میں فوت شدہ تکبیروں کی قضا کرونگا ؟

شیخ رحمہ اللہ تعالی کا جواب تھا :

"اگر آپ دوران تکبیرات امام کے ساتھ ملیں، تو آپ پہلے تکبیر تحریمہ کہیں، اور پھر باقی ماندہ تکبیروں میں امام کی اتباع کریں، اور جو تکبیریں رہ گئی ہیں وہ آپ سے ساقط ہیں" اھ.